[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 4439** **L**

Unique Paper Code : 2141002003

Name of the Paper : Urdu-C

Name of the Course : **AEC**

Semester : IV

Duration : 2 Hours Maximum Marks : 60

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

۱۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ **15**

رو کر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں　　میں جانتی ہوں کس لیے آئے ہو تم یہاں
سب کی خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں　　لیکن میں اپنے منہ سے نہ ہرگز کہوں گی ہاں
کس طرح بن میں آنکھوں کے تارے کو بھیج دوں
جوگی بنا کر راج دلارے کو بھیج دوں

(i) ماں رو کر کس کو میری جاں کہہ رہی ہے؟

(ii) سب کی خوشی کس کے کہاں جانے میں ہے؟

(iii) کس کو جوگی بنانے کی بات کہی گئی ہے؟

(iv) آنکھوں کے تارے کا کیا مطلب ہے؟

(v) راج دلارا کون ہے اور اسے کیا بنا کر بھیجا رہا ہے؟

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 15

صبح لالہ جی کی پہلی دستک کے ساتھ ہی جھٹ آنکھ کھل گئی۔ نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ لحاف کی ایک کھڑکی میں سے اُن کو گڈ مارننگ کہا اور نہایت بیدارانہ لہجے میں کھانسا۔ لالہ جی مطمئن ہو کر واپس چلے گئے۔ ہم نے اپنی ہمت کو بہت سراہا کہ آج ہم فوراً ہی جاگ اٹھے۔ دل سے کہا کہ بھیا صبح اٹھنا تو محض ذرا سی بات ہے۔ ہم یونہی اس سے ڈرا کرتے تھے۔ دل نے کہا، اور کیا؟ تمھارے تو یونہی اوسان خطا ہو جایا کرتے ہیں۔

(i) آنکھ کس وجہ سے کھل گئی تھی؟

(ii) لحاف کی ایک کھڑکی میں سے کیا کیا؟

(iii) اپنی ہمت کو کس بات کے لیے سراہا؟

(iv) دل سے کیا کہا؟

(v) دل نے کیا جواب دیا؟

3۔ نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ 5

(i) گلوں میں __________ بھرے، بادِ نو بہار چلے

(ii) قفس اداس ہے یارو __________ سے کچھ تو کہو

(iii) ستاروں سے آگے __________ اور بھی ہیں

(iv) یہ خلش کہاں سے ہوتی جو __________ کے پار ہوتا

(v) تم ہی نہیں تو آگ لگا دوں گی __________ کو

4۔ صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 5

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

(a) اقبال (b) غالب (c) میرؔ (d) فیض

(ii) رامائن کا ایک سین کس شاعر کی نظم ہے؟

(a) اختر الایمان (b) غالب (c) چکبست (d) اختر شیرانی

(iii) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مقطع (b) قافیہ (c) ردیف (d) مطلع

(iv) مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟

(a) مرزا اسداللہ خاں غالب (b) مرزا محمود غالب (c) مرزا حمیداللہ غالب (d) مرزا فیض اللہ غالب

(v) ''اعتبار'' کے کیا معنی ہیں؟

(a) بھروسا (b) وعدہ (c) جھوٹ (d) خوشی

5۔ نظم رامائن کا ایک سین کا مرکزی خیال لکھیے۔ 10

یا

نظم شیشے کا آدمی کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

6۔ ’جی آیا صاحب‘ کی کہانی اور اس کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 10

یا

سویرے جو کل آنکھ میری کھلی کی کہانی اور اس کا پیغام اپنے الفاظ میں لکھیے۔